© rasailojaraid.com

کے موقع پر نہایت ہی پروقار تقریب زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی جناب چوہدری فرخ الطاف صاحب ناظم ضلع جہلم تھے۔ جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض محمود مرزا جہلمی صاحب نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری نویدالحسن صاحب کی تلاوت سے ہوا۔ تلاوت کے بعد نعت خواں حضرات نے بڑے ہی احسن انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ یاد رہے کہ قمر بٹ صاحب، سرور بٹ صاحب، حفیظ اللہ بٹ صاحب اور آصف شفیق صاحب نے عظیم الشان ہال تعمیر کر کے جہلم کی شان وشوکت میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔ اس پروگرام میں مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق صاحب، جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔ بالآخر یہ پروگرام اللہ کے فضل وکرم سے حافظ عبدالحمید عامر صاحب کے صدارتی و دعائیہ کلمات سے تکمیل پذیر ہوا۔

## محمود عدنان صاحب کے برف خانہ کا افتتاح

انجمن اہل حدیث جہلم کے متحرک وفعال رکن محمود عدنان صاحب کے برف خانہ کا افتتاح (جس میں انہوں نے نئے یونٹوں کا بھی اضافہ کیا ہے) مورخہ 11 مارچ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے کیا اور دعائے خیر وبرکت کی۔

## بھائی بھائی بیکرز کا افتتاح

چوک اہل حدیث جہلم میں شیخ امجد محمود صاحب کی دعوت پر مورخہ 11 مارچ سہ پہر 3:30 بجے بھائی بھائی بیکرز کا افتتاح رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے اپنی دعائے خیر وبرکت سے کیا۔

## وفیات

### شیخ الحدیث جامعہ علوم اُثریہ کو صدمہ

مورخہ 20 مارچ بروز ہفتہ حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب شیخ الحدیث جامعہ علوم اُثریہ کے ماموں زاد بھائی اور مولانا حبیب الرحمٰن یزدانی شہید کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر مشتاق احمد یزدانی طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ مرحوم بڑے نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ اللہ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

### مولانا احمد علی صاحب کو صدمہ

مورخہ 16 مارچ بروز منگل مولانا احمد علی صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ کی ہمشیرہ مختصر علالت کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بعد وفات پا گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ لیہ میں مولانا احمد علی صاحب نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## مولانا قطب شاہ صاحب کو صدمہ

مولانا قطب شاہ صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ کے انتہائی قریبی رشتہ دار اور مولانا محمد ابراہیم صاحب سرپرست مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال کے بھائی مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ان کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں ادا کی گئی۔

## عبدالعزیز قریشی صاحب کو صدمہ

عبدالعزیز قریشی صاحب کے داماد اور خالد قریشی صاحب، شاہد قریشی صاحب اور طارق قریشی صاحب کے بہنوئی مفتی ندیم بخت جو کہ کراچی میں رہائش پذیر تھے جہلم میں اپنے عزیز و اقارب سے ملنے آئے اور 4 جنوری 2004ء بروز اتوار اچانک وفات پا گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ جہلم کینٹ میں مولانا قطب شاہ صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔

## حاجی محمد طاہر صاحب اور برادران کو صدمہ

حاجی محمد طاہر صاحب، حاجی محمد صادق صاحب، محمد صابر صاحب کی والدہ محترمہ اور حاجی محمد یونس صاحب کی ہمشیرہ 23 دسمبر بروز منگل نماز عشاء کے وقت وفات پا گئیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

## حاجی غلام مصطفیٰ صاحب آف سوہاوہ کو صدمہ

حاجی غلام مصطفیٰ صاحب خادم جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ کی والدہ گذشتہ دنوں وفات پا گئیں۔ ان کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین



© rasailojaraid.com